تحریک استحقاق

Session 26th
No 134
Date 3-10-2017
Department Home

منجانب محترمہ زرین ریاض صاحبہ

میں نے عوامی شکایت پر ایس ایچ او تھانہ سرائے نورنگ کو فون کیا کہ دو فریقین کا اپنے علاقہ میں راستے پر کچھ اختلاف کی وجہ سے لڑائی ہو گئی ہے اور اس سلسلے میں عدالت کی ایماء پر ایف ائی آر درج کی گئی ہے کے بارے میں معلومات فراہم کریں ایس ایچ او صاحب کو فون کرنے پر انہوں نے متعلقہ تفتیشی آفیسر ہمایون رازق کو فون دیا جب ہمایون رازق نے بات شروع کی تو میں نے پوچھا کہ جہانزیب جس کو دوسرے فریق نے گھر میں مارا پیٹا ہے کے بارے میں معلومات فراہم کریں تو اس نے بجائے معلومات فراہم کرنے کے تضحیک آمیز رویہ اپنایا اور کہا کہ میں کسی ممبر کا پابند نہیں کہ اسے معلومات فراہم کروں اور نہ ہی میرے ساتھ اتنا ٹائم ہے کہ ہر کسی کو معلومات فراہم کرتا پھیروں۔ لہذا مذکورہ ہمایون رازق تفتیشی افسر کے اس تضحیک آمیز رویہ سے نہ صرف میرا بلکہ اس پورے معزز ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔